**Millat Tractors Limited**

# NOTICE OF ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that 56th Annual General Meeting of Millat Tractors Limited will be held at the Registered Office of the Company at 9 K.M. Sheikhupura Road, Shahdara, Lahore, on Friday October 25, 2019 at 4:00 P.M to transact the following business:

## A. ORDINARY BUSINESS

1) To confirm minutes of the 55th Annual General Meeting held on October 30, 2018.
2) To receive, consider and adopt the audited accounts of the Company and the Group for the year ended June 30, 2019 together with the Chairman's Review, Directors' and Auditors' Reports thereon.
3) To approve final cash dividend of Rs. 40.00 per share i.e., 400% in addition to the interim dividend of Rs. 45.00 per share i.e., 450% already paid making a total cash dividend of Rs. 85.00 per share i.e., 850%.
4) To appoint auditors and fix their remuneration for the year ending June 30, 2020.

## B. SPECIAL BUSINESS

5) To ratify and approve transactions conducted with Related Parties for the year ended June 30, 2019 by passing the following special resolution with or without modification.

   "Resolved that the following transactions conducted with Related Parties for the year ended June 30, 2019 be and are hereby ratified, approved and confirmed."

| | | | | | 2019 (AMOUNTS IN RUPEES) |
|---|---|---|---|---|---|
| Particulars | TIPEG INTERTRADE DMCC | MILLAT INDUSTRIAL PRODUCTS LIMITED | BOLAN CASTINGS LIMITED | MILLAT EQUIPMENT LIMITED | Hyundai Nishat Motor(Pvt.) Limited |
| Purchase of components | 351,553,110 | 273,248,934 | 1,435,926, 927 | 3,325,757,648 | - |
| Sale of components | 251,655,946 | 80,113 | 1,662,396 | 2,241,490 | - |
| Services | - | 7,329,124 | 11,757,844 | 15,605,368 | 4,856,000 |

6) To authorize Chief Executive of the Company to approve transactions with Related Parties for the year ending June 30, 2020 by passing the following special resolution with or without modification.

   "Resolved that the Chief Executive of the Company be and is hereby authorized to approve the transactions with Related Parties during the period from July 01, 2019 till the next Annual General Meeting of the Company."

   "Resolved further that these transactions shall be placed before the shareholders in the next Annual General Meeting for their ratification/approval."

7) To consider, adopt with or without modification the following special resolution to substitute Article 77 of the Articles of Association of the Company.

**"**Resolved that Article 77 be and is hereby substituted as hereunder:**-**

'The remuneration of a director for attending each Board meeting or a committee of the Board shall be Rs.100,000/-' .**"**

8) To approve issuance of 12.5% Bonus Shares approved by the Board, by passing the following resolution.

"RESOLVED THAT:

A sum of Rs. 55,365,680 out of the profit available for appropriations as at June 30, 2019 be capitalized and be applied to the issue of 5,536,568 ordinary shares of Rs.10 each allotted as fully paid Bonus Shares to the members whose names appear in the register of members as at the close of business on October 18, 2019 in the proportion of one share for every eight ordinary shares held i.e.,12.5%.

These Bonus Shares shall rank pari passu in all respects with existing shares except that these shares shall not qualify for the final dividend declared for the year ended June 30, 2019.

The Directors be and are hereby authorized and empowered to give effect to this resolution and to do or cause to be done all acts, deeds and things that may be necessary or required for the issue, allotment and distribution of Bonus Shares."

9) To consider and if thought appropriate to pass the following resolution as a special resolution with or without modification:

"RESOLVED that the Directors be and are hereby authorized to consolidate all fractions of bonus shares and sell the same in the Stock Market and pay the proceeds of sales when realized to charitable institution(s)."

## C. ANY OTHER BUSINESS

To transact any other business with the permission of the Chair.

By order of the Board

-sd-

Muhammad Faisal Azeem
Company Secretary

Lahore:
October 03, 2019

**NOTES**

1. The share transfer books of the Company will remain closed from October 19, 2019 to October 25, 2019 (both days inclusive) and no transfer will be accepted during this period. Transfers received, complete in all respect by the Shares Registrar, M/s. Hameed Majeed Associates (Pvt.) Limited, 1st Floor, H.M. House, 7-Bank Square, Lahore by the close of business on October 18, 2019 will be considered in time for the purpose of payment of final cash dividend, Bonus shares and for the purpose of attending and voting at the meeting.

2. A member entitled to attend and vote at this meeting may appoint another person as his/her proxy to attend the meeting and vote for him/her. Proxies in order to be effective must be received at the Registered Office of the Company duly stamped and signed not less than 48 hours before the meeting.

3. Members, who have deposited their shares into Central Depository Company of Pakistan will further have to follow the under mentioned guidelines.

**A. Attending of Meeting in Person:**

i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the person whose securities are in group account and their registration detail are uploaded as per the regulations, shall authenticate his/her identity by showing his/her original Computerized National Identity Card (CNIC)/ original passport at the time of attending the meeting.

ii) In case of corporate entity, the Board of Directors resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced at the time of meeting.

**B. Appointment of Proxies:**

i) In case of individuals, the account holder or sub-account holder and /or the person whose securities are in group account and their registration details are uploaded as per the regulations, shall submit the proxy form as per the above requirement.

ii) The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.

iii) Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

iv)The proxy shall produce his/her original CNIC/original passport at the time of the meeting.

v) In case of corporate entity, the Board of Directors resolution/power of attorney with specimen signature shall be submitted along with proxy form to the Company.

4. **Video Conference Facility**

As per Companies Act, 2017, if the Company receives consent from members holding in aggregate 10% or more shareholding residing at a geographical location, to participate in the Annual General Meeting (AGM) through video conference at least seven days prior to the date of AGM, the Company will arrange a video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. The Company will intimate members regarding the video conference facility venue at least 5 days before the date of the AGM along with the complete information needed to access the facility.

If you would like to avail video conferencing facility, as per above, please fill the following and submit to registered office of the Company at least 07 days before AGM.

I / We, __________________ of ________________ being a member of Millat Tractors Limited, holder of __________ Ordinary Share(s) as per Register Folio No / CDC Account No. ______________ hereby opt for video conference facility at _________________.

5. **E-voting**

Pursuant to Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 members may also exercise their right to vote through e-voting.

6. Non CDC Shareholders are requested to notify the change of address, if any, immediately and submit, if applicable, the CZ-50 Form (for non deduction of Zakat) to the Registrar of the Company M/s. Hameed Majeed Associates (Pvt.) Limited, 1st Floor, H.M. House, 7-Bank Square, Lahore. All the shareholders holding shares through CDC are requested to update their addresses and Zakat status with their participants. This will assist in prompt receipt of Dividend.

7. **Mandatory submission of CNIC**

As per clause 6 of the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017 read with Section 242 of the Companies Act, 2017, the company has withheld and in future will also withhold cash dividend payment to shareholders who have not yet provided their valid CNIC number. In case your cash dividend is withheld due to aforesaid reason, you are requested to kindly provide legible copy of your valid CNIC to Company's Share Registrar if you hold shares in physical form or to the respective Participant/Investor Account Services if shares are held in book entry form.

8. **Payment of Cash Dividend Electronically**

As per provision of Section 242 of Companies Act, 2017 any dividend payable in cash shall only be paid through electronic mode directly in to the bank account designated by the entitled shareholders. Notices of the foregoing seeking information from shareholders for payment of dividend through electronic mode were sent earlier. The shareholders who have not submitted their details are now once again requested to provide their folio number, name and details of bank account consisting of bank name, branch name, branch code, Account number, Title of Account and IBAN in which they desire their dividend to be credited, failing which the Company will be unable to pay the dividend through any other mode. Standard request form has also been placed on website of the Company. The members are requested to send the information on the same at the earliest possible.

In case shares are held in CDC then the form must be submitted directly to shareholder's Participant/CDC Investor Account Services.

9. **Deduction of Tax from Dividend Income**

As per Income Tax Ordinance, 2001, different rates are prescribed for deduction of withholding tax on the amount of dividend paid by the companies. These rates are as follows:

(a) For filers of income tax returns 15.00%

(b) For non-filers of income tax returns 20.00%

To enable the Company to make tax deduction from cash dividend @15.00% instead of 20.00% all the members whose names are not entered into the Active Tax-payers List (ATL) provided on the website of FBR, despite the fact that they are filers, are advised to make sure that their names are entered into ATL before the date of payment of cash dividend, otherwise tax on their dividend will be deducted @ 20.00% instead of 15.00%.

For members holding their shares jointly, as per the clarification issued by the Federal Board of Revenue, withholding tax will be determined separately on 'Filer/Non-Filer' status of principal shareholder as well as joint holder(s) based on their shareholding proportions, in case of joint accounts. Therefore all shareholders who hold shares jointly are requested to provide shareholding proportions of principal shareholder and joint holder(s) in respect of shares held by them to the Share registrar as follows.

| | | | Principal shareholder | | Joint shareholder | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Company Name | Folio/CDS Account# | Total Shares | Name and CNIC# | Shareholding Proportion(no. of Shares | Name and CNIC# | Shareholding Proportion(no. of Shares |

The above required information must be provided to Share Registrar, otherwise it will be assumed that the shares are equally held by Principal shareholder and Joint Holder(s)

For any further query/problem/information, the investors may contact the Company Share Registrar: M/s. Hameed Majeed Associates (Pvt.) Limited, 1st Floor, H.M. House, 7-Bank Square, Lahore, Phone: 042-37235081-82, e-mail address: shares@hmaconsultants.com Fax: 042-37358817. The corporate shareholders having CDC accounts are required to have their National Tax Number (NTN) updated with their respective participants, whereas corporate physical shareholders should send a copy of their NTN certificate to the Company or the Shares Registrar. The shareholders while sending NTN certificates must quote company name and their respective folio numbers.

**Valid Tax Exemption Certificate for Exemption from Withholding Tax**

A valid tax exemption certificate is necessary for exemption from the deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001. Members who qualify under Income Tax Ordinance, 2001 and wish to seek an exemption must provide a copy of their valid tax exemption certificate to the Shares Registrar prior to the date of book closure otherwise tax will be deducted according to applicable law.

**10. E-Dividend Registration**

Central Depository Company (CDC) has developed a Centralized Cash Dividend Register (CCDR), an eServices web portal which would incorporate details pertaining to cash dividends paid, unpaid or withheld by company. counter foil of cash dividend showing details of dividend, tax withheld and Zakat deducted etc shall be available electronically via CCDR Web Portal. Shareholders can get the counterfoil and complete information of all cash dividends paid by the company by registering and accessing CCDR Web Portal at following link https://eservices.cdcaccess.com.pk/public/index.xhtml

**11. Placement of Accounts on website**

The financial statements of the Company for the year ended June 30, 2019 along with reports have been placed at the website of the Company www.millat.com.pk.

**12. Transmission of Annual Financial Statements through email**

The Securities and Exchange Commission of Pakistan has allowed companies to circulate annual balance sheet, profit & loss account, auditors' and directors' reports along with notice of annual general meeting to its members through e-mail. Members who wish to avail this facility can give their consent.

**13. Transmission of Annual Financial Statements through CD/DVD/USB**

SECP through its SRO 470(I)/2016 dated May 31, 2016 have allowed companies to circulate the annual balance sheet, profit and loss account, auditors' report and directors' report etc to its members through CD/DVD/USB at their registered addresses. In view of the above the Company has sent its Annual Report-2019 to the shareholders in the form of CD. Any Member can send request for printed copy of the Annual Report-2019 to the Company on standard request form placed on its website.

**STATEMENT U/S 134(3) OF THE COMPANIES ACT, 2017**

**AGENDA ITEM NO.5**

**Related Party Transactions (RPTs)**

**(As per Regulation 5(1) of The Companies (Related party Transactions and Maintenance of Related Records) regulations, 2018**

The Related Party Transactions conducted with group companies had to be approved by the Board duly recommended by the Audit Committee periodically pursuant to clause 15(1) of the Code of Corporate Governance. However, the majority of Company Directors were interested in these transactions due to their common directorship and holding of shares in the group companies, the quorum of directors could not be formed for approval of these transactions therefore, these transactions have to be approved by the shareholders in General Meeting. It may be noted that principal activity of the company is assembly/manufacture of Agri tractors for which components are procured from approximately 150 vending industries including group companies in the normal course of business. Bolan Castings Limited (BCL) and Millat Equipment Limited (MEL) manufacture intricate tractor components i.e., major tractor castings and gears & shafts etc respectively for which limited sources are available in the country. Millat Industrial Products Limited (MIPL) manufactures tractor batteries while tractors and components are exported through TIPEG INTERTRADE DMCC (TIPEG). In addition, components are imported through TIPEG for in house use by the Company. During the year sale of scrap and swarf etc was also made to BCL for in house consumption.

The commercial reasons for entering into RPTs are the following.

a. Availability of state of the art production facilities.
b. Advanced Technical Know How.
c. Dedicated production facilities.
d. Elaborated testing facilities for MTL.
e. Smooth supply chain

The Company has the following equity in the Subsidiary Companies.

| | |
|---|---|
| Bolan Castings Limited | 46.26% |
| Millat Equipment Limited | 45.00% |
| Millat Industrial Products Limited | 64.09% |
| TIPEG Inter Trade DMCC | 75.00% |

The common directors have the following shareholding in the associated companies.

| | | BCL | MEL | MIPL | TIPEG |
|---|---|---|---|---|---|
| Sr. No. | Name of Director(s) | No. of Shares | No. of Shares | No. of Shares | No. of Shares |
| 1 | Mr. Sikandar Mustafa Khan | 166,369 | 1,625,001 | 543,750 | 100 |
| 2 | Mr. Latif Khalid Hashmi | 32,270 | 1,625,001 | 362,500 | 100 |
| 3 | Mr. Sohail Bashir Rana | 144,359 | 1,708,951 | 362,500 | 100 |
| 4 | Mr. Laeeq Uddin Ansari | 3,120 | 2,004,001 | 362,500 | 100 |
| 5 | Mian Muhammad Saleem(Not a Director of BCL) | 2,993 | 600,001 | 200,000 | 100 |
| 6 | Syed Muhammad Irfan Aqueel | 2,500 | 100,000 | - | - |
| | **TOTAL** | 351,611 | 7,662,955 | 1,831,250 | 500 |
| | **PERCENTAGE OF SHAREHOLDING** | **3.064%** | **29.47 %** | **20 %** | **25 %** |

In the last Annual General Meeting, the share holders had authorized the Chief Executive of the Company to approve these transactions in the normal course of business subject to final approval/ratification by the shareholders. Therefore these transactions are being placed before the shareholders for final approval/ratification. The information of the Related party transactions as required under Regulation 5(1) of the Companies (Related Party Transactions and Maintenance of Related Records) Regulations, 2018 is as under:-

| **Name of related party** | | **BCL** | **MIPL** | **MEL** | **TIPEG** | **Hyundai Nishat Motor Private Limited** |
|---|---|---|---|---|---|---|
| Names of interested or concerned persons or directors | | Mr. Sikandar Mustafa Khan<br>Mr. Sohail Bashir Rana<br>Mr. Laeeq Uddin Ansari<br>Mr. Latif Khalid Hashmi<br>Mian Muhammad Saleem(Not a Director of BCL)<br>Syed Muhammad Irfan Aqueel (Director of MEL & BCL only) | | | | Millat Tractors Limited |
| Nature of relationship, interest or concern along with complete information of financial or other interest or concern of directors, managers or key managerial personnel in related party | | Common Directorship:<br>Mr. Sikandar Mustafa Khan<br>Mr. Sohail Bashir Rana<br>Mr. Laeeq Uddin Ansari<br>Mr. Latif Khalid Hashmi<br>Mian Muhammad Saleem (Not a Director of BCL)<br>Syed Muhammad Irfan Aqueel (Director of MEL & BCL only) | | | | Common Directorship<br>(Mr. Sohail Bashir Rana) |
| Detail, description, terms and conditions of transactions | | 1. Purchase of components against Confirmed orders<br>2. Sale of components against Confirmed orders<br>3. Services | 1. Purchase of components against Confirmed orders<br>2. Sale of components against Confirmed orders<br>3. Services | 1. Purchase of components against Confirmed orders<br>2. Sale of components against Confirmed orders<br>3. Services | 1. Purchase of components against Confirmed orders<br>2. Sale of components against Confirmed orders | 1. Services as per agreement |
| Amount of Transactions | Purchase of components | 1,435,926,927 | 273,248,934 | 3,325,757,648 | 351,553,110 | - |
| | Sale of components | 1,662,396 | 80,113 | 2,241,490 | 251,655,946 | - |
| | Services | 11,757,844 | 7,329,124 | 15,605,368 | - | 4,856,000 |
| Time frame or duration of the transactions or contracts or arrangements. | | 01-07-2018 to 30-06-2019 | 01-07-2018 to 30-06-2019 | 01-07-2018 to 30-06-2019 | 01-07-2018 to 30-06-2019 | 2. As per timeline set in Service Level Agreement |
| Pricing Policy | Purchase of components | At Mutually Agreed price | | | | N/A |
| | Sale of components | At Mutually Agreed price | | | | N/A |
| | Services | As per Agreement | | | | |

The Directors are interested in the resolution to the extent of their common directorships and shareholding in the group companies.

**AGENDA ITEM NO.6**

**Authorization to CEO for Related Party Transactions (RPTs)**

The Company shall be conducting Related Party Transactions (RPTs) with subsidiary companies during the year ending June 30, 2020 in the normal course of business. The majority of Directors are interested in these transactions due to their common directorship and shareholding in the subsidiary companies. Therefore these transactions with subsidiary companies have to be approved by the shareholders.

In order to ensure smooth supply during the year, the shareholders may authorize the Chief Executive to approve transactions with subsidiary companies on case to case basis for the period from July 01, 2019 to Next AGM. The summary of commercial reasons, nature and scope of RPTs is explained above. However, these transactions shall be placed before the shareholders in the next AGM for their approval/ratification.

The Directors are interested in the resolution to the extent of their common directorships and shareholding in the subsidiary companies.

**AGENDA ITEM NO.7**

1) **Substitution of Articles of Association**

| **Comparative Analysis** | |
|---|---|
| Existing Article | Substituted Article |
| The remuneration of Director, other than regular paid Managing Director or Directors, for his services shall be such sum as may be fixed by the Directors, but not exceeding Rs. 50,000/- for each meeting attended by him. | **The remuneration of a director for attending each Board meeting or a committee of the Board shall be Rs.100,000/-.** |

**Reasons for change**

Article 77 of the Articles of Association of the Company is being substituted as the remuneration being paid to directors for attending meetings of the Board needs revision in view of overall inflation.

**Statement by the Board**

The aforesaid substitution has been approved by the Board of Directors in their meeting held on September 05, 2019 and is in line with the applicable provisions of the law and regulatory framework.

A copy of the amended Articles of Association is available with the Company Secretary for inspection by the members.

The Directors are interested in the resolution to the extent of fee to which they are entitled.

**AGENDA ITEM NO.8**

**Issuance of Bonus Shares**

The Board of Directors are of the view that the Company's financial position and its reserves justify this capitalization for the issue of Bonus Shares. The Directors of the Company, directly or indirectly are not interested in the resolution except to the extent of their shareholding in the Company.

**AGENDA ITEM NO.9**

**Disposal of Bonus Share Fractions**

The Board in its meeting held on September 05, 2019 has recommended that the fractions of bonus shares will be immaterial and of no significant financial disadvantage to the shareholders. Therefore the proceeds of the above may be donated to one or more charitable institutions (engaged in the welfare of human being) in line with the Company's policy of maximum participation in welfare.

# اطلاع عام برائے سالانہ اجلاس عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ ملت ٹریکٹرز لمیٹیڈ کا 56 واں سالانہ اجلاس عام کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر بمقام 9۔کلومیٹر شیخوپورہ روڈ، شاہدرہ، لاہور بروز جمعہ 25 اکتوبر، 2019 بوقت شام 4 بجے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لیے منعقد ہوگا۔

## الف) امورِعام

1۔ 55 ویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 30 اکتوبر، 2018 کے منٹس کی تصدیق

2۔ 30 جون، 2019 تک کمپنی اور گروپ کے آڈٹ شدہ حسابات بشمول ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی اور ان پر غور و خوض اور منظوری۔

3۔ حتمی منافع منقسمہ 40.00 روپے فی شیئر یعنی 400 فیصد اور عبوری نقد منافع منقسمہ 45.00 روپے فی شیئر یعنی 450 فیصد (جو کہ پہلے سے اداشدہ ہے)، مجموعی نقد منافع منقسمہ 85.00 روپے فی شیئر جو کہ 850 فیصد بنتا ہے کی منظوری۔

4۔ 30 جون 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے مشاہروں کا تعین۔

## ب) امورِخاص:

5۔ 30 جون، 2019 کو ختم ہونے والے سال کے لیے، مندرجہ ذیل مخصوص قرارداد برائے کمپنیوں کے ساتھ ٹرانزیکشنز کی توثیق کی ترمیم یا ترمیم کے بغیر منظوری طے پایا کہ مندرجہ ذیل ٹرانزیکشنز و ریلیٹڈ پارٹیز برائے ختم شدہ سال 30 جون، 2019 کی توثیق اور منظوری دی جاتی ہے۔

| | | 2019(رقم روپوں میں) | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| پارٹیکلرز | ٹائی پیگ انٹر ٹریڈ (ڈی ایم سی سی) | ملت انڈسٹریل پراڈکٹس لمیٹڈ | بولان کاسٹنگز لمیٹڈ | ملت ایکوپمنٹ لمیٹڈ | ہنڈائی نشاط موٹر (پی وی ٹی) لمیٹڈ |
| پارٹس کی خرید | 351,553,110 | 273,248,934 | 1,435,926,927 | 3,325,757,648 | - |
| پارٹس کی فروخت | 251,655,946 | 80,113 | 1,662,396 | 2,241,490 | - |
| سروسز | - | 7,329,124 | 11,757,844 | 15,605,368 | 4,856,000 |

6۔ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو مندرجہ ذیل قرارداد (تبدیلی کے ساتھ یا تبدیلی کے بغیر) کی منظوری کے ذریعے اختیار دینا کہ وہ 30 جون 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لیے ریلیٹڈ پارٹی ٹرانزیکشنز کی منظوری دے سکیں گے۔

''طے پایا کہ کمپنی کے چیف ایگزیکٹو با اختیار ہیں اور رہیں گے کہ یکم جولائی 2019 سے کمپنی کے اگلے سالانہ عمومی اجلاس تک ریلیٹڈ پارٹی ٹرانزیکشنز کی منظوری دیں گے''۔

مزید طے پایا کہ لین دین کی یہ تفصیلات آئندہ سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈرز کی توثیق و منظوری کے لیے پیش کی جائیں گی۔

7۔ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے آرٹیکل 77 کی تبدیلی کے لیے مندرجہ ذیل خاص قرارداد کو تبدیلی یا تبدیلی کے بغیر زیر غور لانا اور اپنانا۔

"طے پایا کہ آرٹیکل 77 تبدیل کیا جاتا ہے۔ جو کہ درجہ ذیل ہے۔

'ڈائریکٹر کے لیے ہر بورڈ یا بورڈ کی کمیٹی کی میٹنگ اٹنڈ کرنے کا معاوضہ -/100,000 روپے ہوگا۔'"

8- بورڈ کی جانب سے منظور شدہ اور جاری کردہ 12.5% بونس شیئرز کے اجرء اور تصدیق کے لیئے درج ذیل قرارداد کے تحت منظوری دی جاتی ہے۔

"قرار پایا کہ:۔

30 جون، 2019ء کو مختص شُدہ امور کے لیے منافع میں 5,536,568 (ہزاروں میں) روپے کی رقم کو 55,365,680 کے دس روپے کے تمام شیئرز بحیثیت مکمل طور پر اداشُدہ بونس شیئرز ان ممبران کو جن کے نام رجسٹر ممبران میں 18 اکتوبر، 2019ء کو کاروبار بند ہونے پر درج ہوں گے کے حساب سے ہر آٹھ شیئر کے بدلے ایک شیئر دیں گے جو کہ 12.5% بنتا ہے۔

اِن بونس شیئرز کو ہر لحاظ سے موجودہ شیئرز میں برابری کا درجہ دیا جائے گا۔ ماسوائے اس کے کہ یہ شیئرز 30 جون، 2019ء کو ختم ہونے والے سال کے طے شُدہ فائنل منافع کے اہل نہیں ہوں گے۔
ڈائریکٹران بااختیار اور خودمختار ہیں اور ہوں گے کہ قرارداد پر عمل درآمد کیا جائے اور تمام امور کاموں اور چیزیں جو بونس شیئرز کے اجراء اور تقسیم کے لیئے ضروری اور مطلوب ہوں ان پر عمل کروائیں۔

9- غوروخوض کیا جائے اور مناسب سمجھے جانے کی صورت میں مندرجہ ذیل قرارداد بحیثیت خاص قرارداد ترمیم یا بغیر ترمیم کے ساتھ منظور کی جائے۔

"طے پایا کہ ڈائریکٹران بااختیار ہیں اور ہوں گے کہ بونس شیئرز کے تمام اجزاء کو ملائیں اور ان کو سٹاک مارکیٹ میں بیچ دیں اور فروخت کے منافع کو خیراتی اداروں کو ادا کریں"

**سی) امورِ دیگر**

صاحبِ صدر کی اجازت سے کوئی اور دوسری ٹرانزیکشن کرنا

**بحکم بورڈ**

محمد فیصل عظیم
کمپنی سیکریٹری

لاہور
03 اکتوبر، 2019

**نوٹس:**

1۔ کمپنی کی منتقلی حصص کی کتابیں 19 اکتوبر 2019 سے 25 اکتوبر 2019 تک (بشمول ہر دو ایام) بند رہیں گی۔ اور اس مدت کے دوران کوئی منتقلی قبول نہیں کی جائے گی۔ شیئرز رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ فرسٹ فلور ایچ ایم ہاؤس، 7 بنک سکوائر لاہور کے دفتر میں 18 اکتوبر، 2019 کو بزنس کلوز ہونے تک وصول ہونے والی ہر لحاظ سے مکمل منتقلیاں حتمی منافع ادا کرنے، اجلاس میں شریک ہونے اور ووٹ ڈالنے کے لیے بروقت تصور کی جائیں گی۔

2۔ اجلاس ہٰذا میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر اپنے بجائے کسی دوسرے ممبر کو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے پراکسی (اپنا نمائندہ) مقرر کر سکتا/سکتی ہے۔ مہر اور دستخط شدہ پراکسیاں تا آنکہ مئوثر ہو سکیں کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل لازماً وصول ہونی چاہئیں۔

3۔ ممبران جو سنٹرل ڈیپازیٹری کمپنی آف پاکستان میں شیئر جمع کروا چکے ہیں، مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں۔

**الف) انفرادی طور پر اجلاس میں شمولیت**

i) انفرادی شمولیت کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر، سب اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ افراد جن کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات کا ہدایات کے مطابق اندراج ہے، اجلاس میں حاضری کے وقت اپنا اصلی پاسپورٹ یا اصلی کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں۔

ii) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی نامزد الیہ کے دستخط کے نمونوں کے ہمراہ اجلاس میں پیش کئے جائیں۔

## ب) پراکسیوں کا تقرر

i) انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ افراد جن کے گروپ اکاؤنٹ میں سکیورٹی موجود ہو اور قواعد کے تحت اپنی رجسٹریشن کی تفصیلات درج کرائی ہوں وہ درج بالا ضرورت کے تحت پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔

ii) 2 افراد پراکسی فارم کی شہادت دیں گے جن کے نام، پتہ اور شناختی کارڈ نمبر فارم پر لکھے ہوں گے۔

iii) شئیر مالکان اور پراکسی کے پاسپورٹ اور شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

iv) پراکسی افراد اجلاس کے وقت اصلی شناختی کارڈ/پاسپورٹ پیش کریں گے۔

v) کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹر کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی دستخط شدہ نمونے پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائے جائیں گے۔

## 4۔ ویڈیو کانفرنس کال کی سہولت:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے مطابق، اگر کمپنی کے ممبران جن کے پاس مجموعی طور پر 10 فیصد یا اس سے زیادہ شئیر ہوں، اگر کسی خاص جغرافیائی حدود (کسی خاص جگہ/شہر) میں موجود ہوں اور وہ سالانہ اجلاس سے 7 روز قبل میٹنگ میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کرنا چاہتے ہوں تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کی سہولیات مہیا کرنے کا انتظام کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں اس طرز کی سہولیات میسر ہوں۔ کمپنی اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ویڈیو کانفرنس کی جگہ اور دیگر تفصیلات سالانہ عمومی اجلاس سے 5 روز قبل تک ان ممبران تک پہنچ جائیں۔

اگر مندرجہ بالا تفصیلات کے تحت آپ بھی سالانہ میٹنگ میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کرنا چاہتے ہیں تو براہِ مہربانی اجلاس سے کم از کم 7 روز قبل ذیل میں دیا گیا فارم پُر کر کے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کروائیں۔ میں/ہم ---------- آف ---------- ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ کے ممبران، جن کے شئیر نمبر ---------- رجسٹرار فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ---------- ویڈیو کانفرنس کی سہولت ---------- میں چاہتا ہوں/چاہتے ہیں۔

## 5۔ ای ووٹنگ:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق ممبران اپنے ووٹ کا حق ای ووٹنگ کے ذریعے بھی ادا کر سکتے ہیں۔

6۔ نان سی ڈی سی شئیر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتہ میں تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر مطلع کریں۔ اور قابل اطلاق ہو تو cz-50 فارم (زکوۃ کٹوتی کی ممانعت) بھر کر شئیر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، فرسٹ فلور ایچ ایم ہاؤس، 7 بینک سکوائر، لاہور، دفتر میں جمع کروائیں۔ سی ڈی سی کے ذریعہ شئیر ہولڈرز حضرات سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتہ اور زکوٰۃ کی موجودہ حیثیت سے شرکاء کو مطلع رکھیں۔ اس عمل سے منافع کی بسرعت ادائیگی میں مدد ملے گی۔

## 7۔ شناختی کارڈ کا لازمی جمع کروانا:

کمپنیز ریگولیشنز، 2017 (برائے منافع منقسمہ)، جسے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے ساتھ پڑھا جائے، کی شق نمبر 6 کے تحت کمپنی نے ان حصص داران کی ادائیگیاں روک دی ہیں، اور آئندہ بھی روکے رکھے گی، جنہوں نے ابھی تک اپنا مصدقہ شناختی کارڈ نمبر جمع نہیں کروایا ہے۔ اگر مذکورہ وجہ سے آپ کا منافع منقسمہ روک لیا گیا ہے تو آپ سے درخواست ہے کہ از راہ کرم کمپنی کے شئیر رجسٹرار کو اپنے شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل فراہم کر دیں۔ اگر آپ کے حصص فزیکل ہیں۔ اور اگر سی ڈی سی میں ہیں تو متعلقہ حصہ دار/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز آپریٹر کو فراہم کریں

## 8۔ کیش ڈیویڈنڈ کی الیکٹرونک ادائیگی:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے تحت، کیش کی صورت میں ادا کیا جانے والا منافع ،صرف الیکٹرونک طریقہ کار سے ہی اہل شیئر ہولڈرز کے بتائے گئے اکاؤنٹ میں براہِ راست ٹرانسفر کیا جائے گا۔شیئر ہولڈرز کو اس سے قبل بھی الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعے منافع کی ادائیگی سے متعلق معلومات کے لیے نوٹسز جاری کیے جا چکے ہیں۔اب ایک مرتبہ پھر شیئر ہولڈرز سے ان کے فولیو نمبرز، نام اور بنک کی تفصیلات ( جس میں بنک کے نام کے ساتھ، برانچ کا نام، برانچ کوڈ، اکاؤنٹ نمبر، اکاؤنٹ ٹائٹل اور IBAN فراہم کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔یہ معلومات نہ فراہم کرنے کی صورت میں کمپنی کسی اور طریقے سے منافع ادا نہیں کر پائے گی۔کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی سٹینڈرڈ درخواست فارم فراہم کر دیا گیا ہے۔ممبران سے درخواست ہے کہ یہ تمام معلومات کمپنی تک جلد از جلد بہم پہنچا دیں۔

شیئرز CDC کی صورت میں موجود ہونے پر درخواست فارم شیئر ہولڈر کے بروکر/شراکت دار/یا CDC انوسٹر اکاؤنٹ سروسز کو جمع کروائے جائیں گے۔

## ۹۔ ڈیویڈنڈ کی آمدن سے ٹیکس کی کٹوتی:

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے تحت کمپنیوں کی طرف سے ادا کی گئی منافع کی رقم پر ودِہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کو مختلف شرحوں سے لاگو کیا جاسکتا ہے۔یہ شرحیں مندرجہ ذیل ہیں۔

الف) انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرنے والوں کے لیے 15.00 فیصد

ب) انکم ٹیکس ریٹرن فائل نہ کرنے والوں کے لیے 20.00 فیصد

ایسے تمام شیئر ہولڈرز جو انکم ٹیکس ریٹرن فائل کرتے ہیں مگر ان کا نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی ایل) میں درج نہیں ہیں، اُنہیں مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اپنے منافع کی ادائیگی کی تاریخ سے پہلے پہلے اے ٹی ایل میں نام درج کروالیں ورنہ منافع پر ودِہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی 15.00 فیصد کی بجائے 20.00 فیصد ہوگی۔

مشترکہ شیئرز رکھنے والے شیئرز ہولڈرز کے لیے، ایف بی آر کی جانب سے جاری کی گئی وضاحت کے تحت فائل کرنے والوں اور فائل نہ کرنے والوں کے سٹیٹس کے مطابق، پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کے حصص کی مقدار کے تناسب سے ودِہولڈنگ ٹیکس لاگو کیا جائے گا۔اس لیے تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈرز اور جوائنٹ شیئر ہولڈر(ز) کے حصص میں تناسب کے بارے میں شیئر رجسٹرار کو درج ذیل طریقہ سے آگاہ کریں۔

| | | | بنیادی شیئر ہولڈرز | | مشترکہ شیئر ہولڈرز | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کمپنی کا نام | فولیو/سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر | کل شیئرز | نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد | نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد |

مندرجہ بالا معلومات شیئر رجسٹرار کو ہر صورت مہیا کریں ورنہ فرض کر لیا جائے گا کہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز برابر کے حصہ دار ہیں۔

کسی مسئلہ، استفسار، یا معلومات کے لیے انویسٹرز کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، فرسٹ فلور، ایچ ایم ہاؤس 7 بنک سکوائر لاہور سے رابطہ فرمائیں۔فون نمبر 82-042-37235081 فیکس نمبر 042-37258817 ، ای میل: shares@hmaconsultants.com سی ڈی اکاؤنٹ رکھنے والے کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کو چاہیے کہ وہ اپنے متعلقہ بروکر کو اپنے نیشنل ٹیکس نمبر سے مطلع رکھیں جب کہ کارپوریٹ فزیکل شیئر ہولڈرز کو چاہیے کہ وہ این ٹی این سرٹیفیکیٹ کمپنی یا شیئر رجسٹرار کو بھیجیں۔شیئر ہولڈرز کو چاہیے کہ وہ این ٹی این سرٹیفیکیٹ بھیجتے وقت کمپنی کا نام اور متعلقہ فولیو نمبرز ضرور تحریر کریں۔

## ودِہولڈنگ ٹیکس سے بچنے کے لیے ٹیکس ایگزیمپشن سرٹیفیکیٹ کی فراہمی

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت منافع کی رقم سے آمدنی ٹیکس سے مستثنیٰ کرنے کے لیے ٹیکس ایگزیمپشن سرٹیفیکیٹ لازمی ہے۔انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے تحت ٹیکس سے مستثنیٰ ممبران اپنے انکم ٹیکس ایگزیمپشن سرٹیفیکیٹ کی کاپی کھاتے بند ہونے کی تاریخ سے پہلے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کروائیں۔بصورتِ دیگر منافع کی رقم پر قانون کے مطابق ٹیکس لاگو ہوگا۔

**10۔ای ڈیویڈنڈرجسٹریشن:**

سنٹرل ڈیپوزیٹری کمپنی نے ایک سنٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) تیار کیا ہے جو ایک ای سروس ویب پورٹل ہے جس میں کیش ڈیویڈند کی بابت تفصیلات رکھی جائیں گی آیا کہ کیش ڈیویڈنڈ ادا کر دیا گیا ہے، ادانہیں کیا گیا یا کمپنی کی طرف سے روک لیا گیا ہے۔ مستقبل میں ڈیویڈنڈ، ٹیکس کٹوتی اور زکوۃ کی ادائیگی وغیرہ کی تفصیلات کا حامل کیش ڈیویڈنڈ کا ایک کاؤنٹرفوئل محض الیکٹرونکلی CCDR ویب پورٹل کے ذریعے میسر ہوگا۔ شیئر ہولڈرز مندرجہ ذیل لنک کے ذریعے CCDR ویب پورٹل پر رجسٹریشن اور رسائی حاصل کر کے کاؤنٹرفوئل اور کمپنی کی طرف سے ادا کیے گئے کل کیش ڈیویڈنڈ کی تمام معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔https://eservices.cdcaccess.com.pk/public/index.xhtml

**11۔ویب سائٹ پر اکاؤنٹ کی تفصیلات**

کمپنی کی سالانہ فنانشل سٹیٹمنٹس (30 جون، 2019 کو ختم ہونے والے سال کے لئے) رپورٹس کے ہمراہ کمپنی کی ویب سائٹ www.millat.com.pk پر رکھ دی گئی ہیں۔

**12۔سالانہ مالیاتی تفصیلات بذریعہ ای میل**

ایس ای سی پی نے کمپنیوں کو اجازت دی ہے کہ وہ سالانہ بیلنس شیٹ، پرافٹ اینڈ لاس اکاؤنٹ، آڈیٹر کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ مع اطلاع سالانہ اجلاس عام ای میل کے ذریعے ممبران کو بھیج سکتی ہیں۔ جو ممبران اس سہولت سے فائدہ اٹھانا چاہیں وہ اپنی رضامندی کا اظہار کر سکتے ہیں۔

**13۔سالانہ مالیاتی تفصیلات بذریعہ سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی**

ایس۔ای۔سی۔پی نے اپنے 31 مئی، 2016 کے جاری کردہ نوٹیفیکیشن 2016 (1) SRO 270 میں کمپنیوں کو اس بات کی اجازت دی ہے کہ سالانہ بیلینس شیٹس، پرافٹ اینڈ لاس اکاؤنٹس، آڈیٹرز رپورٹ اور ڈائریکٹرز رپورٹ وغیرہ تمام ممبران کو ان کے رجسٹرڈ پتے پر سی ڈی/ڈی وی ڈی/یو ایس بی کے ذریعے ارسال کر سکتے ہیں۔اس بات کے پیش نظر کمپنی نے اپنی سالانہ رپورٹ برائے 2019 سی ڈی کی صورت میں ارسال کی ہے۔سالانہ رپورٹ برائے 2019 کی پرنٹڈ کاپی کے لیے کوئی بھی ممبر کمپنی کی ویب سائٹ پر دیئے گئے درخواست فارم کے ذریعے درخواست کر سکتا ہے۔

**کمپنیز ایکٹ, 2017 کے سیکشن (3) 134 کے تحت بیان**

**ایجنڈا آئٹم نمبر 5**

**ریلیٹڈ پارٹیز سے لین دین (آر پی ٹیز)**

**کمپنیز ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن (1)05 (متعلقہ پارٹی ٹرانزیکشنز اور متعلقہ ریکارڈز کی دیکھ بھال) کے مطابق**

متعلقہ کمپنیوں کے ساتھ ریلیٹڈ پارٹی ٹرانزیکشنز کوڈ آف کارپوریٹ گورنس کی شق نمبر (1) 15 کے مطابق آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر بورڈ کی جانب سے منظور ہونا تھی۔ تاہم کمپنی کے ڈائریکٹروں کی زیادہ تعداد مشترکہ ڈائریکٹرشپ اور کمپنی گروپس میں شیئر گروپ رکھنے کی وجہ سے ان ٹرانزیکشنز میں دلچسپی رکھتی ہے۔ان ٹرانزیکشنز کی منظوری کے لیے ڈائریکٹرز کی مطلوبہ تعداد پوری نہ ہوسکی اسی لیے ان ٹرانزیکشنز کی منظوری اجلاسِ عام میں شیئر ہولڈرز سے لی جائے گی۔

اس بات کو مدنظر رکھا جائے کہ کمپنی کا بنیادی کام ایگری ٹریکٹرز تیار کرنا/یا پرزے جوڑ کر بنانا ہے۔جس کے مختلف حصے تقریباً 150 وینڈنگ انڈسٹریز سے عام کاروباری طریقے سے حاصل کیے جاتے ہیں۔بولان کاسٹنگ لمیٹڈ (بی سی ایل) اور ملت ایکویپمنٹ لمیٹڈ (ایم ای ایل) ٹریکٹرز کے مختلف اہم حصے، علی الترتیب گیئرز اور شافٹس وغیرہ تیار کرتے ہیں جن کی پیداوار کے لیے ملک میں بہت کم وسائل ہیں۔ملت انڈسٹریل پراڈکٹس لمیٹڈ (ایم آئی پی ایل) ٹریکٹروں کی بیٹریاں بناتا ہے جب کہ ٹریکٹر اور ان کے پرزہ جات ٹائی پیگ انٹرٹریڈرز ڈی ایم سی سی کے ذریعے برآمد کئے جاتے ہیں۔مزید برآں ٹائی پیگ کے ذریعے ہی کمپنی کی اندرونی ضروریات پوری کرنے کے لیے پرزے درآمد بھی کئے جاتے ہیں۔اسی سال کے دوران سکریپ اور سوارف بھی بولان کاسٹنگ لمیٹڈ کو بیچا گیا تاکہ وہ اسے ان ہاؤس استعمال میں لا سکے

ریلیٹڈ پارٹیز ٹرانزیکشنز کا حصہ بننے کی تجارتی وجوہات مندرجہ ذیل ہیں۔

ا) سٹیٹ آف دی آرٹ پروڈکشن کی سہولیات کی دستیابی

ب) جدید تکنیکی سمجھ بوجھ

ج) بہترین، معیاری اور ہمہ وقت فعال پروڈکشن سہولیات

د) ملت ٹریکٹرز کے لیے ٹیسٹنگ کی تفصیلی سہولیات

ر) بلاتعطل، ہموار سپلائی چین

منسلک کمپنیوں کے ساتھ کمپنی کی ایکوئٹی مندرجہ ذیل ہے۔

| | |
|---|---|
| بولان کاسٹنگز لمیٹڈ | 46.26فیصد |
| ملت ایکوپمنٹ لمیٹڈ | 45.00فیصد |
| ملت انڈسٹریز پراڈکٹس لمیٹڈ | 64.09فیصد |
| ٹائی پیگ انٹر ٹریڈرز ڈی ایم سی سی | 75.00فیصد |

مشترکہ ڈائریکٹرز کی منسلک کمپنیوں میں شیئر ہولڈنگ:

| | | بی سی ایل | ایم ای ایل | ایم آئی پی ایل | ٹائی پیگ |
|---|---|---|---|---|---|
| نمبر شمار | ڈائریکٹر(ز) کا نام | شیئرز کی تعداد | شیئرز کی تعداد | شیئرز کی تعداد | شیئرز کی تعداد |
| 1 | جناب سکندر مصطفی خان | 166,369 | 1,625,001 | 543,750 | 100 |
| 2 | جناب لطیف خالد ہاشمی | 32,270 | 1,625,001 | 362,500 | 100 |
| 3 | جناب سہیل بشیر رانا | 144,359 | 1,708,951 | 362,500 | 100 |
| 4 | جناب لئیق الدین انصاری | 3,120 | 2,004,001 | 362,500 | 100 |
| 5 | جناب میاں محمد سلیم (بی سی ایل کے ڈائریکٹر نہیں ہیں) | 2,993 | 600,001 | 200,000 | 100 |
| 6 | سید محمد عرفان عقیل | 2,500 | 100,000 | - | - |
| | کل | 351,611 | 7,662,955 | 1,831,250 | 500 |
| | شیئر ہولڈنگ کی شرح | 3.064فیصد | 29.47فیصد | 20فیصد | 25فیصد |

پچھلے سالانہ اجلاس عام میں شیئر ہولڈروں نے کمپنی کے چیف ایگزیکٹو کو اختیار دیا تھا کہ وہ ان ٹرانزیکشنز کو بزنس کے عمومی طریقہ کار کے مطابق، شیئر ہولڈروں کو حتمی منظوری اور تصدیق کے ساتھ مشروط منظوری دیں۔ اس لیے یہ ٹرانزیکشنز حتمی منظوری/توثیق کے لیے شیئر ہولڈرز کو پیش کی جا رہی ہیں۔

کمپنیز (متعلقہ پارٹی سے لین دین اور متعلقہ ریکارڈ کی دیکھ بھال) ریگولیشنز 2018 کے ریگولیشن (1)5 کے تحت لازم متعلقہ پارٹی لین دین کی معلومات حسبِ ذیل ہیں:

<table dir="rtl">
<tr><th>رلیٹڈ پارٹی کا نام</th><th>بی سی ایل</th><th>ایم آئی پی ایل</th><th>ایم ای ایل</th><th>ٹائی پیگ</th><th>ہنڈائی نشاط موٹر پرائیویٹ لمیٹڈ</th></tr>
<tr><td>دلچسپی رکھنے والوں کے نام یا متعلقہ افراد یا ڈائریکٹرز</td><td colspan="4">مسٹر سکندر مصطفیٰ خان<br>مسٹر سہیل بشیر رانا<br>مسٹر لئیق الدین انصاری<br>مسٹر لطیف خالد ہاشمی<br>میاں محمد سلیم (بی سی ایل کے ڈائریکٹر نہیں ہیں)<br>سید محمد عرفان عقیل (صرف ایم ای ایل اور بی سی ایل کے ڈائریکٹرز ہیں)</td><td>ملت ٹریکٹرز لمیٹڈ</td></tr>
<tr><td>تعلق کی نوعیت، دلچسپی، یا واسطہ بشمول مکمل مالی اگاہی یا دیگر دلچسپی یا ڈائریکٹرز کا مینیجر یا بنیادی انتظامی لوگوں کا ریلیٹڈ پارٹی کیساتھ واسطہ</td><td colspan="4">کومن ڈائریکٹرز شپ<br>مسٹر سکندر مصطفیٰ خان<br>مسٹر سہیل بشیر رانا<br>مسٹر لئیق الدین انصاری<br>مسٹر لطیف خالد ہاشمی<br>میاں محمد سلیم (بی سی ایل کے ڈائریکٹر نہیں ہیں)<br>سید محمد عرفان عقیل (صرف ایم ای ایل اور بی سی ایل کے ڈائریکٹرز ہیں)</td><td>کومن ڈائریکٹر شپ<br>(مسٹر سہیل بشیر رانا)</td></tr>
<tr><td>مکمل کوائف اور ٹرانزیکشنز کے قوائد و ضوابط</td><td>1- طے شدہ آرڈرز کے مطابق پُرزہ جات کی خرید<br>2- طے شدہ آرڈرز کے مطابق پُرزہ جات کی فروخت<br>3- سروسز</td><td>1- طے شدہ آرڈرز کے مطابق پُرزہ جات کی خرید<br>2- طے شدہ آرڈرز کے مطابق پُرزہ جات کی فروخت<br>3- سروسز</td><td>1- طے شدہ آرڈرز کے مطابق پُرزہ جات کی خرید<br>2- طے شدہ آرڈرز کے مطابق پُرزہ جات کی فروخت<br>3- سروسز</td><td>1- طے شدہ آرڈرز کے مطابق پُرزہ جات کی خرید<br>2- طے شدہ آرڈرز کے مطابق پُرزہ جات کی فروخت<br>3- سروسز</td><td>1- معاہدہ کے مطابق خدمات</td></tr>
<tr><td>ٹرانزکشنز کی رقم — پارٹس کی خرید</td><td>1,435,926,927</td><td>273,248,934</td><td>3,325,757,648</td><td>351,553,110</td><td>-</td></tr>
<tr><td>پارٹس کی فروخت</td><td>1,662,396</td><td>80,113</td><td>2,241,490</td><td>251,655,946</td><td>-</td></tr>
<tr><td>سروسز</td><td>11,757,844</td><td>7,329,124</td><td>15,605,368</td><td>-</td><td>4,856,000</td></tr>
<tr><td>ٹرانزکشنز یا معاہدات کا دورانیہ</td><td>01-07-2018<br>تا 30-06-2019</td><td>01-07-2018<br>تا 30-06-2019</td><td>01-07-2018<br>تا 30-06-2019</td><td>01-07-2018<br>تا 30-06-2019</td><td>معاہدے کے مطابق</td></tr>
<tr><td>قیمت کی پالیسی — پارٹس کی خرید</td><td colspan="5">At mutually agreed price</td></tr>
<tr><td>پارٹس کی فروخت</td><td colspan="5">At mutually agreed price</td></tr>
<tr><td>سروسز</td><td colspan="5">معاہدے کے مطابق</td></tr>
</table>

اس قرارداد میں ڈائریکٹرز کی دلچسپی عمومی ڈائریکٹر شپ اور منسلک کمپنیوں میں شیئر ہولڈنگ تک ہے۔

## ایجنڈا آئٹم نمبر 6

### منسلک پارٹیوں سے لین دین (آر پی ٹیز) کے لیے سی ای او کا اختیار

کمپنی 30 جون، 2020 کو ختم ہونے والے سال کے دوران عمومی کاروباری انداز میں منسلک کمپنیز کے ساتھ Related Party Transactions کا اہتمام کرے گی۔ کمپنی کے ڈائریکٹرز کی ایک بڑی تعداد مشترکہ ڈائریکٹر شپ اور منسلک کمپنیوں میں شیئر رکھنے کی وجہ سے دلچسپی رکھتی ہے۔ اس لیے منسلک کمپنیوں کے ساتھ ان ٹرانزیکشنز کی منظوری شیئر ہولڈرز سے لی جائے گی۔

اِس برس ہموار رسد کو برقرار رکھنے کے لیے شئیر ہولڈرز چیف ایگزیکٹو کو اختیار دے سکتے ہیں کہ وہ یکم جولائی ,2019 سے اگلے اجلاس عام تک منسلک کمپنیوں کے ساتھ کیس ٹو کیس لین دین کی منظوری دے سکیں۔ تجارتی وجوہات منسلک کمپنیوں کے ساتھ کاروبار کی نوعیت اور تشریح اوپر نمبر ایک کے تحت کر دی گئی ہے۔ تاہم یہ تمام ٹرانزیکشنز سالانہ اجلاسِ عام میں شئیر ہولڈرز کی منظوری/توثیق کے لیے ان کے سامنے رکھی جائیں گی۔

اس قرارداد میں ڈائریکٹرز کی دلچسپی عمومی ڈائریکٹرشپ اور منسلک کمپنیوں میں شئیر ہولڈنگ تک ہے۔

## ایجنڈا آئٹم نمبر 7

### ا) آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں تبدیلی

| تقابلی جائزہ | |
|---|---|
| **موجودہ آرٹیکل** | **تبدیل شدہ آرٹیکل** |
| مینیجنگ ڈائریکٹر یا ڈائریکٹرز کی معمول کی ذمہ داریوں کے علاوہ خدمات کا معاوضہ ڈائریکٹرز کی جانب سے طے کیا جائے گا جو ہر میٹنگ میں شرکت کے لئے 50,000 روپے سے زائد نہ ہوگا۔ | ڈائریکٹر کے لیے ہر بورڈ یا بورڈ کی کمیٹی کی میٹنگ اٹنڈ کرنے کا معاوضہ -/100,000 روپے ہوگا۔" |

### تبدیلی کی وجوہات

آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن آف کمپنیز کے آرٹیکل 77 کو اس غرض سے تبدیل کیا جا رہا ہے تاکہ مجموعی افراطِ زر کے تناظر میں بورڈ کی میٹنگ یا کمیٹی میں شرکت کے لئے ڈائریکٹرز کو ادا کئے جانے والے معاوضے میں ترمیم کی جا سکے۔

### بورڈ کا بیان

مذکورہ تبدیلی 05 ستمبر، 2019 کو ہونے والی میٹنگ میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے منظور کر لی گئی ہے اور یہ قانون وضوابط کے ڈھانچے کی قابل اطلاق شقوں کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے۔
ممبرز کی جانب سے چھان بین کے لیے تبدیل شدہ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی نقل کمپنی سیکرٹری کے پاس ہے۔

ڈائریکٹرز اس قرارداد میں اس حد تک دلچسپی رکھتے ہیں کہ وہ معاوضہ حاصل کر سکیں جس کے وہ حق دار ہیں۔

## ایجنڈا آئٹم نمبر 8

### بونس شیئرز کا اجراء

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سوچ کے مطابق کمپنی کی مالی حالت اور اس کے ریزروز کی روشنی میں بونس شیئرز کے اجراء کی سرمایہ کاری کا جواز بنتا ہے۔ کہ کمپنی کے ڈائریکٹران بلاواسطہ یا بالواسطہ قرارداد میں ماسوائے کمپنی میں اپنے حصے کے علاوہ اس قرارداد میں دلچسپی نہیں رکھتے۔

## ایجنڈا آئٹم نمبر 9

### بونس شیئرز کے حصوں کا نظم وضبط

173 ویں اجلاس میں بورڈ نے مشورہ/سفارش کی کہ بونس شیئرز کے حصے غیر اہم/غیر مادہ ہیں اور حصہ داروں کے لیے کسی قسم کے نقصان کے حامل نہیں ہیں۔ لہذہ فریکشن شیئرز کو ایک یا ایک سے زائد خیراتی اداروں کو (انسانیت کی خاطر فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے والے) جو کہ کمپنی کی پالیسی ہے کہ زیادہ سے زیادہ فلاح انسانیت میں شامل ہونے کے عین مطابق ہیں۔